# 1 ڈال ڈال پر، تال تال پر

4312CH01

ماں ــــ آج مجھے اسکول بھیج دو نا! دو دن سے گھر میں بیٹھے بیٹھے بور ہو گئی ہوں، پونم بولی۔

ماں نے جواب دیا۔ تمھیں ابھی بھی بخار ہے۔ باہر جا کر چارپائی پر لیٹ جاؤ۔ چارپائی پر لیٹے لیٹے پونم کو نیند آ گئی۔ اچانک اس کے چہرے پر کچھ گرا۔ وہ ہڑبڑا کر اُٹھی۔ اُس نے اپنے گال پر ہاتھ لگایا۔ اُف! یہ کس کی شرارت ہے۔ کبوتر کی یا کوّے کی؟ ہوں، کوّے کی ہی لگتی ہے!



بچے اپنے اطراف کے افراد اور اشیا کو دیکھ اور سمجھ کر بہت کچھ سیکھتے ہیں۔ اس سبق کی مدد سے درجے کے بیرونی ماحول سے متعارف کرایا جائے، محض درجے میں بیٹھ کر پڑھا نہ جائے۔



2019-20

پونم نے پیڑ پر کئی جانور دیکھے۔ تمھیں تصویر میں پیڑ پر کون کون سے جانور دکھائی دے رہے ہیں؟ ان کے نام لکھو۔

__________ __________ __________ __________

__________ __________ __________ __________

پونم نے زمین سے ایک پتّا اُٹھایا اور بیٹ کو صاف کیا۔ گال ابھی بھی چِپ چِپا تھا۔ اس نے سوچا، سامنے تالاب میں دھو آتی ہوں۔



پونم نے تالاب پر کن کن جانوروں کو دیکھا؟ تصویر دیکھ کر ان کے نام لکھو۔

__________ __________ __________ __________

__________ __________ __________ __________

کتاب میں ’’جانور‘‘ لفظ کا استعمال ہر قسم کے جاندار جیسے کیڑے مکوڑے، پرندے، رینگنے والے اور دودھ دینے والے جانور وغیرہ کے لیے کیا گیا ہے۔ اس عمر میں بچے کیڑے مکوڑے یا سانپ اور چھپکلی کی زیادہ باریکی سے درجہ بندی نہیں کر سکتے۔ آپ بھی معلوم کیجیے کہ بچے لفظ جانور کا کیا مفہوم سمجھتے ہیں۔ بچوں کو مختلف جانوروں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کی ترغیب دیں۔



2019-20

تالاب پر دکھائی دینے والے جانوروں کی نقل (ایکشن) کر کے دکھاؤ، کون سا جانور کیا حرکت کرتا ہے؟ جانوروں کی الگ الگ آوازیں بھی نکالو۔

جانوروں کے چلنے کا انداز جدا جدا ہوتا ہے۔ کچھ چلتے ہیں تو کچھ رینگتے ہیں۔ کچھ اُڑتے ہیں، تو کچھ تیرتے ہیں۔ کچھ پیروں کی مدد لیتے ہیں، تو کچھ پَروں کی۔ بعض تو دُم کا بھی سہارا لیتے ہیں۔

تم نے بھی بہت سارے جانور دیکھے ہوں گے۔ ان میں سے کون کون سے جانور:-

اُڑتے ہیں ____________ ____________ ____________

رینگتے ہیں ____________ ____________ ____________

چلتے ہیں ____________ ____________ ____________

پھدکتے ہیں ____________ ____________ ____________

پروں والے ہیں ____________ ____________ ____________

پیروں والے ہیں ____________ ____________ ____________


دُم والے ہیں ____________ ____________ ____________

جانور مختلف جگہوں پر رہتے ہیں۔ بعض پیڑ پر رہتے ہیں، تو بعض پانی میں، کچھ زمین پر رہتے ہیں تو کچھ اس کے نیچے اور کچھ آسمان میں اڑتے ہیں۔ بعض تو ہمارے گھروں میں بھی رہتے ہیں۔

جانوروں کے رنگ روپ، چال، آواز وغیرہ بغور دیکھنا، ان کی نقل اُتارنا، بچوں کو بہت دلچسپ لگتا ہے۔ جانوروں کی مختلف قسمیں دیکھ کر ان کے الگ الگ گروہ بنانے سے درجہ بندی کی شروعات ہوتی ہے۔

© NCERT not to be republished

* مندرجہ ذیل جانوروں کو دیکھو۔ ان میں سے جو جانور تمہارے گھر میں رہتے ہیں، ان میں رنگ بھرو۔




© NCERT not to be republished



2019-20

✻ یہاں کچھ جانوروں کی ادھوری تصویریں ہیں انہیں پورا کرو اور ان کے نام نیچے لکھو۔




## میں کون ہوں؟

پہیلی میں میرا نام تلاش کرو اور اس پر نشان (   ) لگاؤ۔ ایک مثال دی گئی ہے۔

1۔ چھت پر بیٹھ کر کیلا کھاؤں،
اِدھر اُدھر میں کود لگاؤں

2۔ دیواروں پر جال بناؤں،
جس میں کیڑوں کو پھنساؤں

3۔ رات جاگ کر میں بِتاؤں،
دن نکلے تو میں سو جاؤں

4۔ ٹر ٹر کی رٹ لگاؤں،
پھدک پھدک پانی میں جاؤں


5۔ بارش کے بعد نظر میں آؤں،
پاؤں نہیں پر رینگتا جاؤں

6۔ دھیمی چال سے چلتا جاؤں،
دوڑ پھر بھی میں جیت جاؤں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| د | ک | چھو | ا | گ |
| ر | بن | میں | ڈھ | ک |
| چ | د | س | ما | پ |
| ک | ر | ھ | اُ | ن |
| م | ک | ڑی | لّو | ج |
| کیں | چو | ا | م | چھ |

پہیلی نمبر 6 پنچ تنتر کی کہانی 'خرگوش اور کچھوا' سے ماخوذ ہے۔ بچوں کو پنچ تنتر کی اور کہانیاں سُنا کر مزید کہانیاں پڑھنے کے لیے حوصلہ افزائی کریں۔

© NCERT not to be republished





## * جادو اُنگلیوں کا

تصویر میں دیکھ کر بتاؤ کہ کون سے نشان اُنگلیوں کے ہیں اور کون سے انگوٹھے کے۔


تم بھی اس طرح روشنائی یا گیلے رنگ سے کاغذ پر جانوروں کی تصویریں بناؤ۔ مثال میں دی گئی تصویروں کی نقل مت کرنا بلکہ خود سوچ کر بنانا۔ ان تصویروں سے اپنے اسکول اور گھر کو سجاؤ۔

بچوں کو تخلیقی کاموں جیسے اُنگلیوں اور انگوٹھے پر رنگ لگا کر تصویریں بنانا بہت دلچسپ لگتا ہے۔ اپنی اپنی مرضی سے مختلف نمونے بنانے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کریں اور رغبت دلائیں۔



2019-20

© NCERT not to be republished



## * آؤ کچھ تصویر بنائیں۔

- کسی ایسے جانور کی تصویر کاپی میں بناؤ جسے تم نے دیکھا ہے۔
- تین تین طلبا کے گروپ بنائیے۔ ہر گروپ کو ایک سادہ کاغذ دیا جائے۔

1۔ ایک گروپ کی بچی کاغذ کے اوپری حصے میں کسی جانور کا منھ اور گردن بنائے۔ کاغذ کو موڑ کر اپنی تصویر کو چھپا لے۔

2۔ دوسری بچی بیچ والے حصے میں کسی جانور کا دھڑ بنائے۔

3۔ تیسری بچی کسی جانور کے پیر بنائے۔

4۔ اب اس پورے کاغذ کو کھولو اور تصویر دیکھو۔

بن گیا نا دلچسپ جانور !

اپنے ساتھیوں کی تصویروں کو بھی دیکھو۔

بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ جانوروں کو بغور دیکھیں اور اپنے آپ ان کی تصویریں بنائیں۔ گروہ میں تصویر بنانے کے لیے بچوں کو مدد کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔

© NCERT not to be republished

کسی پیڑ کے نیچے کچھ دیر بیٹھو۔ غور سے دیکھو کہ پیڑ پر اور اس کے آس پاس کون کون سے جانور ہیں۔

ڈالیوں پر ______ ______ ______

پتیوں پر ______ ______ ______

تنوں پر ______ ______ ______

زمین پر ______ ______ ______

درخت کے اطراف میں ______ ______ ______

اب ان جانوروں کو ایک ترتیب میں لکھو۔ چھوٹے سے بڑے تک۔

1۔ ______ 2۔ ______ 3۔ ______

4۔ ______ 5۔ ______ 6۔ ______

7۔ ______ 8۔ ______ 9۔ ______

10۔ ______ 11۔ ______ 12۔ ______

13۔ ______ 14۔ ______ 15۔ ______


## جِگسا معمہ

جِگسا میں کسی تصویر کے ایسے بکھرے ہوئے ٹکڑے ہوتے ہیں کہ ان کو ملانے کے لیے دماغ پر بہت زور ڈالنا پڑتا ہے۔

یہ عمل چیزوں کو ترتیب سے لگانے کا ابتدائی قدم ہے۔ ترتیب سے یا سلسلہ وار لگانا بچوں کے اپنے ذاتی تجربے پر منحصر ہے۔ چوہا، چڑیا سے چھوٹا بھی ہو سکتا ہے اور بڑا بھی۔ جانوروں کے تئیں حساسیت سے پیدا کرنے کے لیے مختلف امور پر بات چیت کرائیں۔

© NCERT not to be republished

اب تم بھی کسی جانور کی تصویر سے ایک جگسا بناؤ۔ تصویر کو گتّے پر چپکاؤ، گتّے کو جانور کی شکل میں کاٹو۔ اب اس گتّے کو پانچ چھوٹے بڑے آڑے ترچھے ٹکڑوں میں کاٹو۔ ان ٹکڑوں کو اپنے دوستوں کو دو اور انھیں جوڑ کر جانور کو پہچاننے کے لیے کہو۔



جگسا ایسا بنایا جائے کہ اس میں کچھ مہارت کی ضرورت ہو۔ سیدھے سادے ٹکڑے نہ ہوں جو آسانی سے ترتیب دیے جاسکیں۔ بچوں کو اس طرح کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا موقع دیں اور ان کے کاموں کی تعریف کریں۔



2019-20